پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

02/12/2021

کاشتکار حادثہ کے مستفیدین کو جلد امدادی رقم فراہم کرائی جائے: کیشو پرساد موریہ

-لکھنؤ: ۲/ دسمبر ۲۰۲۱ء

اترپردیش کے نائب وزیراعلیٰ جناب کیشو پرساد موریہ نے دھان خریداری کا جائزہ کے دوران ڈپٹی آر ایم او کو ہدایت دی کہ وہ یقینی بنائیں کہ دھان خریداری میں کاشتکاروں کو کسی قسم کی پریشانی یا دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اس کے ساتھ ہی کم تول کی شکایت نہ موصول ہو۔ دھان خریداری میں کسی قسم کی شکایت بے ضابطگی یا بدعنوانی کی شکایت پر متعلقہ کے خلاف سخت کارروائی کی جائیگی۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے دھان خریداری کے ضمن میں ٹیلی فون نمبر جاری کرنے کی ہدایت دی، جس سے عوام اپنی شکایت درج کراسکے۔ انہوں نے کاشتکار حادثہ کے مستفیدین کو جلد امداد رقم فراہم کرانے جانے کی ہدایت دی۔

جناب موریہ نے دھان خریداری کا جائزہ کے ساتھ ہی دیگر اسکیموں کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے وقت پر تمام تر اسکیموں اور پروگرام کو مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

☆☆☆☆☆